تھا کہ والدین کے حقوق کے ساتھ اولاد کے حقوق بھی واضح کر دیئے جاتے۔

دعوتِ اسلامی کا کام کیوں نہیں ہوتا؟ از شبیر احمد منظر قادری۔ ناشر: ادارۂ صدائے سحر، بنگلور، کرناٹک انڈیا۔ قیمت: ۳/- روپے (بھارتی)

برِ صغیر کے شمالی یا جنوبی کسی بھی حصے میں اگرچہ یہ نہیں کہا جا سکتا کہ دعوتِ اسلامی کا کام نہیں ہو رہا، لیکن یہ درست ہے کہ جتنا ہونا چاہیئے، نہیں ہو رہا ہے۔ اس کی دو بڑی وجہیں ہیں: ایک داخلی دوسری خارجی — داخلی یہ کہ ہمارے دل جو دنیا کی مصیبتوں اور رکاوٹوں سے کٹ کر اپنے مقصد کے لیے یک سُو تھے، وہ آہستہ آہستہ سرکتے سرکتے تکاثرہ و تفاخرہ کی اس ریس میں شامل ہو گئے ہیں جو سیلاب بلا بن کر ساری دنیا پر طاری ہے۔ اس خاص مسئلے کو پمفلٹ میں لیا گیا ہے۔ دوسری وجہ بے شمار عالمی قوتوں اور سیاسی اداروں اور مذہبی حلقوں اور پروپیگنڈہ کے مرکزوں کی شدید سے شدید تر ہوتی ہوئی مخالفتیں ہیں جن کا پورا اندازہ پہلے نہ تھا۔ اب ان دو حقیقتوں کو سامنے رکھ کر نئے سرے سے نقشۂ کار بنانا چاہیے۔

حکیم ہاشمی صاحب کے پمفلٹ ۱۔ ذکرِ الٰہی ۲۔ خون کے آنسو از جناب حکیم ہاشمی پوسٹ بکس نمبر ۲۵۰۔ حیدر آباد سندھ۔ خط لکھ کر مفت حاصل کریں۔

حکیم صاحب اور ان کے پمفلٹوں کا تذکرہ ہماوسے بہرۂ مطبوعات میں آ ہی رہتا ہے۔ وہ اچھی اچھی باتیں سادہ انداز سے لکھتے ہیں۔

ماہنامہ تدریس القرآن مدیر: نسیم احمد (بہ تعاون مجلسِ ادارت)، جمعیت تعلیم القرآن کا ترجمان۔ دفتر: عالمگیر روڈ۔ کراچی۔ قیمت فی شمارہ ۳/- روپے سالانہ ۳۰/- روپے

ایک اچھا دینی و تعلیمی ماہنامہ ہے جو شمارہ زیرِ نظر ہے اس میں "کلمتِ نبی" کے علاوہ مفتی محمد شفیع مرحوم صاحب، ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی مرحوم، علامہ احسان الٰہی ظہیر مرحوم اور نواب مشتاق احمد خاں صاحب کے علاوہ سید غلام احمد ایڈووکیٹ اور خلیل الرحمن ایڈیٹر جنگ جیسی شخصیتوں کے مضامین شامل ہیں۔